بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Panasonic Store 始まる。新しい、プレミアムな挑戦。
3年特別保証プレミアムサービス
限定のプレミアムカラー天板も選べる！
レッツノート
プレミアム エディション

# ...ساڑھے 3 ارب کے بلا سود قرضوں کی منظوری دیدی، 10 لاکھ افراد فائدہ اٹھائینگے

...پر زیرو سے 40 کے درمیان واقع ہر مستحق شخص کو 50 ہزار دیئے جائیں گے، اجراء جون کے تیسرے ہفتے میں شروع ہوگا، پچاس فیصد رقم خواتین کو ملے گی، مریم نواز

...کے تحت ہر وفاقی اکائی کو حصہ ملے گا، وزیر اعظم کو بریفنگ، مائیکرو فنانس اسکیمیں سیاسی اور اقتصادی ترقی کیلئے مفید ثابت ہوں گی، نواز شریف، اجلاس سے خطاب

...نگ، اے پی پی) وزیر ...کہا ہے کہ مائیکرو فنانس ...ی ترقی کیلئے مفید ثابت ...کو چھوٹے قرضوں کی ...ک بہتر رسائی کے ذریعے ...اونت فراہم کی جائے تو ...کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ...ہاں سود سے پاک قرضہ ...ائزہ اجلاس سے خطاب ...ر اعظم نواز شریف نے ...الیت کی سود سے پاک

قرض اسکیم کی منظوری دی جس سے پاکستان میں 10 لاکھ افراد استفادہ کرینگے، ہر شخص کو 50 ہزار روپے دیئے جائیں گے، مستفید ہونے والے افراد میں سے پچاس فیصد خواتین ہونگی۔ قرضوں کا اجراء جون کے تیسرے ہفتے میں شروع کیا جائے گا، یہ قرضہ ان مستحق افراد کو دیاجائیگا جو غربت کے اسکور کارڈ پر زیرو سے 40 کے درمیان واقع ہیں، مریم نواز نے وزیر اعظم کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ساڑھے تین ارب روپے سود سے پاک قرضہ پاکستان تخفیف غربت فنڈ کے ذریعے تقسیم کیاجائے گا۔ این ایف سی ایوارڈ کے مطابق ہر وفاقی اکائی کو حصہ دیا جائے گا، اس اسکیم سے استفادہ کرنے والوں کیلئے قرضہ مرکز اور بزنس سپورٹ سنٹر قائم کیا جائے گا۔ انہوں نے وزیر اعظم کو بتایا کہ وزیر اعظم یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام میں منتخب کردہ نوجوانوں کی تربیت کا آغاز 12 مئی کو کر دیا گیا ہے۔ 100 سے زائد مختلف پیشوں میں ملک بھر سے کم ترقی یافتہ علاقوں کے 25 ہزار نوجوانوں کو تربیت دی جائے گی۔ تربیتی پروگرام کا دورانیہ مختلف ڈسپلنز کیلئے 4 سے 6 ماہ ہے اور 80 کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ ملک میں خواتین کو بااختیار بنانے کی حکومتی پالیسی کے پیش نظر 35 فیصد کوٹہ لڑکیوں کیلئے مختص کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ میسرز ہائیر الیکٹریکل اپلائنسز کمپنی جس نے ٹھیکہ حاصل کیا ہے، پاکستان میں 10 ہزار لیپ ٹاپ تیار کرے گی اور آئندہ سال سے تقسیم کئے جانے والے 100 فیصد لیپ ٹاپ پاکستان میں اسمبل کئے جائیں گے۔ ہر لیپ ٹاپ کے ساتھ 3 ماہ تک مفت انٹرنیٹ کنکشن کے ساتھ "ایوو ڈیوائس" فراہم کی جائے گی۔ یہ کمپنی چیدہ چیدہ طالب علموں کو انٹرن شپ کی بھی پیشکش کرے گی۔ لیپ ٹاپ کی تقسیم جون میں شروع ہو گی اور پہلے مرحلے میں 10 ہزار لیپ ٹاپ تقسیم کئے جائیں گے۔

ShareThis

アパート経営で年収UP!!